پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:91 22 2266 0502 فیکس:91 22 22660358

24 ستمبر 2019

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت

پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، ممبئی، مہاراشٹر کو ہدایات

ریزرو بینک آف انڈیا (ڈائریکٹیو مورخہ 23 ستمبر 2019) کے ذریعہ پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ ممبئی مہاراشٹر کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ہدایات کے مطابق ڈپازیٹروں کو اجازت دی گئی ہو، وہ روپے 1,000 (روپئے ایک ہزار صرف) اپنے مجموعی بیلنس سے سیونگ بینک اکاؤنٹ یا کرنٹ اکاؤنٹ یا کسی بھی نام سے دیگر ڈپازٹ اکاؤنٹ سے آر بی آئی کی ہدایات کی روشنی میں نکال سکتے ہیں۔ پنجاب اور مہاراشٹر کوآپریٹیو بینک تحریری طور پر ریزرو بینک کو اطلاع دیئے بغیر نہ تو کوئی قرض منظور کرسکتے ہیں یا کسی قرض کی تجوید اور ایڈوانس، کوئی سرمایہ کاری، کوئی لائبلٹی، بشمول بارول فنڈ اور تازہ ڈپازٹ کی منظوری، کسی پیمنٹ کی ادائیگی یا ادائیگی پر رضامندی نہیں کرسکتے ہیں۔ کوئی بھی معاہدہ، فروخت کا بندوبست، منتقلی یا اپنی کسی املاک یا جائیداد کی فروخت یا آر بی آئی ہدایات مورخہ 23 ستمبر، 2019 کی روشنی میں ہی کرنا ہوگا۔

بینک کو 23 ستمبر 2019 کے کاروبار کی مدت ختم ہونے کے بعد ہدایات دوبارہ چھ ماہ کیلئے نافذ کردی گئی ہیں۔

ریزرو بینک کے ذریعہ جاری کردہ ہدایات کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ریزرو بینک کے ذریعہ بینکنگ لائسنس منسوخ کردیا گیا۔ بینک مزید نوٹس ر ہدایات موصول ہونے تک پابندی کے ساتھ اپنا بینکنگ کاروبار جاری رکھے گا۔ ریزرو بینک اپنی جاری کردہ ہدایات میں وقت ضرورت ترمیم کرسکتا ہے۔

ہدایات کا نفاذ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A جس سیکشن 56 کو شامل کرکے پڑھا جائے کہ ذیلی سیکشن (1) کے تحت حاصل کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے کیا گیا ہے۔ مورخہ 23 ستمبر 2019 کے ڈائریکٹیو کی ایک کاپی مفاد عامہ میں بینک کے احاطہ میں ڈسپلے کردی گئی ہے۔

یوگیش دیال
چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 2019-2020/766